# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد مورخہ۔ 14 اکتوبر 2022

صوبائی اسمبلی پنجاب کے 3 حلقوں اور قومی اسمبلی کے 8 حلقوں میں ضمنی انتخابات 16 اکتوبر 2022 کو ہوں گے۔ اس انتخابی عمل کو صاف، شفاف، پرامن اور قانون کے مطابق منعقد کرانے کے حوالے سے الیکشن کمیشن نے تمام انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ پریذائیڈنگ افسران ریٹرننگ افسران سے پولنگ بیگ وصول کریں گے پولیس پریذائیڈنگ افسران کو سکیورٹی فراہم کرے گی اور انتخابی عمل کے مکمل ہونے تک پولنگ سٹاف کے ہمراہ رہے گی۔ تمام حلقوں میں قائم پولنگ اسٹیشنز پر سکیورٹی کے خاطر خواہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ پولیس، رینجرز، ایف سی اور پاک فوج کے اہلکار لا اینڈ آرڈر کو یقینی بنانے کے لیے ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ پریذائیڈنگ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں کہ وہ پولنگ کے دن فارم 45 کی تصویر کھینچتے وقت موبائل پر اپنی لوکیشن آن رکھیں گے مزید وہ پولنگ ایجنٹس کے سامنے فارم 45 کی صاف اور واضح تصویر لیں گے اور فوراً ریٹرننگ افسران کو وائٹس ایپ (WhatsApp) پر پولنگ ایجنٹس کی موجودگی میں بھیجیں گے۔ انٹرنیٹ کی سہولت نہ ہونے کی صورت میں پریذائیڈنگ افسر فوراً ریٹرننگ افسر کے دفتر پہنچ کر فارم 45 کی اصل کاپی ریٹرننگ افسر کے حوالے کریں گے ہر پریذائیڈنگ افسر فارم 45 کی اوریجنل کاپی بمع Snapshot بشمول Forensic details ریٹرننگ افسر کو دکھائے گا جس میں وقت اور لوکیشن معلوم ہو۔ ریٹرننگ افسر تصویر اور لوکیشن کی تفصیلات کا جائزہ لے گا اور پریذائیڈنگ افسران کے موبائل پر موجود لوکیشن اور وقت کی تفصیلات کی تصویر اپنے موبائل میں حاصل کریں گے اور ان فرانزک (Forensic) تفصیلات کو اپنے آفس میں کمپیوٹر میں محفوظ کریں گے۔ الیکشن کمیشن نے ہدایات دی ہیں کہ ہر امیدوار اپنے پولنگ ایجنٹس کی تربیت کو یقینی بنائے اور آگاہ کرے کہ کوئی بھی پولنگ ایجنٹ پریذائیڈنگ افسر کا دستخط شدہ فارم 45 وصول کیے بغیر پولنگ اسٹیشن نہ چھوڑے۔ ہر پریذائیڈنگ افسر متعلقہ پولنگ ایجنٹس کو فارم 45 کی دستخط شدہ کاپی پولنگ اسٹیشن پر ہی مہیا کرنے کا پابند ہو گا۔

ریٹرننگ افسران نے خصوصی کنڑول رومز قائم کئے ہیں جو پولنگ کا عمل شروع ہونے سے ابتدائی نتائج کے مرتب ہونے تک کام کرتے رہیں گے، کنڑول رومز میں ریٹرننگ افسران کے علاوہ متعلقہ ڈپٹی کمشنرز، پولیس، رینجرز اور پاک فوج کے حکام یا ان کے نمائندگان موجود رہیں گے تاکہ کسی بھی غیر معمولی صورتحال سے نمٹنے کے لیے بروقت اقدامات کیے جاسکیں۔ علاوہ ازیں الیکشن کمیشن نے الیکشن کے دن کسی بھی نوعیت کی شکایت کو نمٹانے کے حوالے سے سنٹرل اور صوبائی سطح پر الگ الگ کنڑول رومز قائم کر دیئے ہیں جو پولنگ کے دن صبح 7:00 بجے سے ابتدائی نتیجہ مرتب ہونے تک بلا تعطل کام کرتے رہیں گے۔ جن کے نمبرز اور ای میل ایڈریس درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| سنٹرل کنڑول روم اسلام آباد | فون نمبر 051-9210837----051-9204403<br>051-9210838----051-9204402<br>فیکس نمبر 051- 9204404<br>ای میل ایڈریس ddmonitoringisb@gmail.com |
| صوبائی کنڑول روم پنجاب لاہور | فون نمبر 042-99212209—042-99212620<br>فیکس نمبر 042-9211021<br>ای میل ایڈریس pecpunjabcontrolroom@gmail.com |
| صوبائی کنڑول روم سندھ، کراچی | فون نمبر 021-99205338<br>موبائل فون نمبر 0331-3584450--0334-3895812---0300-9374192<br>ای میل ایڈریس pecelection123@gmail.com |
| صوبائی کنڑول روم خیبر پختونخوا، پشاور | فون نمبر 091-9222475-------091-9211034<br>ای میل ایڈریس electionbranchkpk@gmail.com |

جاری

Scanned with CamScanner

| | |
|---|---|
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-22<br>مردان-III | فون نمبر 0937-876345---0937-9230254<br>ای میل ایڈریس decmardan@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-24<br>چارسدہ-II | فون نمبر 091-9220406<br>موبائل فون نمبر 0301-8928900 |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-31<br>پشاور-V | فون نمبر 091-9213429----091-9210671<br>ای میل ایڈریس recpeshawar@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-108<br>فیصل آباد-VIII | فون نمبر 041-9330512—041-9330514<br>موبائل فون نمبر 0333-4309462---0332-8612236 |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-118<br>ننکانہ صاحب-II | فون نمبر 056-3549574--- 0312-6934736 |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-157<br>ملتان-IV | فون نمبر 061-9330402—061-4234448<br>موبائل فون نمبر 0300-8430311—0344-2670926 |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-237<br>ملیر-II | فون نمبر 021-99248100<br>ای میل ایڈریس rona237malir@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO این اے-239<br>کورنگی کراچی-I | فون نمبر 021-99203322—021-99333938<br>موبائل فون نمبر 0331-5147775—0332-7913588 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی-139<br>شیخوپورہ-V | فون نمبر 056-2591045 |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی-209<br>خانیوال-VII | فون نمبر 065-9200127---065-2900522<br>ای میل ایڈریس deckhushab@gmail.com |
| کنٹرول روم DRO/RO پی پی-241<br>بہاولنگر-V | فون نمبر 063-2301815<br>ای میل ایڈریس mirfanreturningofficer@gmail.com |

*********

Scanned with CamScanner